Bahria University Library Islamabad

Source: Pakistan Observer Wednesday October 07, 2026

Bahria, Fudan varsities for advancing academic ties

Staff Reporter

A delegation from Fudan University, China, visited Bahria University (BU) as part of a high-level academic engagement aimed at strengthening Pakistan-China cooperation in higher education.

The six-member delegation from Fudan University was led by Ms. Chen Yan, Associate Vice President and Executive Dean, Graduate School, and included Mr. Xian Menghan, Vice Dean, Graduate School; Prof. Zhang Junliang, Department of Chemistry; Prof. Xiao Jiang, Department of Physics; Ms. Zhu Yanjun, Program Manager, International Students Office; and Ms. Chen Jiehong, Program Manager, Office of Global Partnerships.

During the visit, the delegation conducted an informative session on JUSTCOOL, a joint international doctoral recruitment initiative of Fudan University, Shanghai Jiao Tong University and Tongji University. The session provided faculty members, researchers and postgraduate students with information about doctoral opportunities in key disciplines, including Mathematics, Physics, Chemistry and Life Sciences.

Bahria University Library Islamabad

Source: Express Wednesday October 07, 2026

چین کی فوڈان یونیورسٹی کے وفد کا بحریہ یونیورسٹی کا دورہ

JUSTCOOL پر معلوماتی سیشن، فوڈان، شنگھائی، ٹون گجی کا مشترکہ داخلہ پروگرام

بحریہ یونیورسٹی کے لاہور، کراچی کیمپسز کے فیکلٹی ممبران، طلبہ کی ویڈیو کانفرنسنگ

اسلام آباد (ایکسپریس نیوز) چین کی فوڈان یونیورسٹی کے چھ رکنی وفد نے بحریہ یونیورسٹی کا دورہ کیا۔ فوڈان یونیورسٹی کے وفد کی قیادت چن یان، ایسوسی ایٹ وائس پریزیڈنٹ اور ایگزیکٹو ڈین، گریجویٹ سکول نے کی۔ وفد میں شیان مینگ ہان، وائس ڈین، گریجویٹ سکول؛ پروفیسر ژانگ جون لیانگ، شعبہ کیمسٹری، پروفیسر شیاؤ جیانگ، شعبہ فزکس، ژویان جون، پروگرام مینیجر، انٹرنیشنل سٹوڈنٹس آفس، چن جی ہونگ، پروگرام مینیجر، آفس آف گلوبل پارٹنرشپس شامل تھیں۔ دورے کے دوران وفد نے JUSTCOOL کے حوالے سے ایک معلوماتی سیشن منعقد کیا۔ JUSTCOOL فوڈان یونیورسٹی، شنگھائی جیاؤ ٹونگ یونیورسٹی اور ٹون گجی یونیورسٹی کا مشترکہ بین الاقوامی ڈاکٹریٹ داخلہ پروگرام ہے۔ سیشن میں فیکلٹی ممبران، محققین اور پوسٹ گریجویٹ طلبہ کو ریاضی، فزکس، کیمسٹری اور لائف سائنسز سمیت اہم شعبہ جات میں ڈاکٹریٹ کی تعلیم کے مواقع کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کی گئیں۔ وفد نے بحریہ یونیورسٹی کی اعلیٰ قیادت اور فیکلٹی ممبران سے بھی ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے تعلیمی شعبہ جات اور مستقبل میں تعاون کے ممکنہ مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسلام آباد، راولپنڈی کی مختلف جامعات سے تعلق رکھنے والے فیکلٹی ممبران، محققین، پوسٹ گریجویٹ طلبہ بھی شریک ہوئے۔ بحریہ یونیورسٹی کے لاہور، کراچی کیمپسز کے فیکلٹی ممبران اور طلبہ نے بھی ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شرکت کی۔ دورے کا اختتام کیک کاٹنے کی تقریب اور یادگاری تحائف کے تبادلے سے ہوا۔

Library Website: www. http://111.68.99.22:8080/xmlui/handle/123456789/7
Email: chief.librarian@bahria.edu.pk

Bahria University Library Islamabad

Source: Dunya Wednesday October 07, 2026

بحریہ یونیورسٹی میں چین کی فودان یونیورسٹی کے وفد کا دورہ

اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں پاکستان اور چین کے درمیان تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (دنیا رپورٹ) چین کی فودان یونیورسٹی کے چھ رکنی وفد نے بحریہ یونیورسٹی کا دورہ کیا۔ یہ دورہ تعلیمی روابط کا حصہ تھا جس کا مقصد اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں پاکستان اور چین کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط بنانا تھا۔ فودان یونیورسٹی کے وفد کی قیادت چن یان، ایسوسی ایٹ وائس پریزیڈنٹ اور ایگزیکٹو ڈین، گریجویٹ سکول نے کی۔ وفد میں شیان مینگ ہان، وائس ڈین، گریجویٹ اسکول؛ پروفیسر ژانگ جون لیانگ، شعبہ کیمسٹری؛ پروفیسر شیاؤ جیانگ، شعبہ فزکس؛ ژو یان جون، پروگرام مینیجر، انٹرنیشنل اسٹوڈنٹس آفس؛ اور چن جی ہونگ، پروگرام مینیجر، آفس آف گلوبل پارٹنرشپس شامل تھیں۔ دورے کے دوران وفد نے JUSTCOOL کے حوالے سے ایک معلوماتی سیشن منعقد کیا۔ USTCOOL فودان یونیورسٹی، شنگھائی جیاؤ ٹونگ یونیورسٹی اور ٹونگجی یونیورسٹی کا مشترکہ بین الاقوامی ڈاکٹریٹ داخلہ پروگرام ہے۔ سیشن میں فیکلٹی ممبران، محققین اور پوسٹ گریجویٹ طلبہ کو ریاضی، فزکس، کیمسٹری اور لائف سائنسز سمیت اہم شعبہ جات میں ڈاکٹریٹ کی تعلیم کے مواقع کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کی گئیں۔ وفد نے بحریہ یونیورسٹی کی اعلیٰ قیادت اور فیکلٹی ممبران سے بھی ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے تعلیمی شعبہ جات اور مستقبل میں تعاون کے ممکنہ مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر اسلام آباد اور راولپنڈی کی مختلف جامعات سے تعلق رکھنے والے فیکلٹی ممبران، محققین اور پوسٹ گریجویٹ طلبہ بھی شریک ہوئے۔

Library Website: www. http://111.68.99.22:8080/xmlui/handle/123456789/7

Email: chief.librarian@bahria.edu.pk

چین کی فوڈان یونیورسٹی وفد کا بحریہ یونیورسٹی کا دورہ

اسلام آباد (نئی بات نیوز) چین کی فوڈان یونیورسٹی کے چھ رکنی وفد نے بحریہ یونیورسٹی کا دورہ کیا۔ یہ دورہ اعلیٰ سطحی تعلیمی روابط کا حصہ تھا جس کا مقصد اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں پاکستان اور چین کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط بنانا تھا۔ فوڈان یونیورسٹی کے وفد کی قیادت چن یان، ایسوسی ایٹ وائس پریزیڈنٹ اور ایگزیکٹو ڈین، گریجویٹ اسکول نے کی۔ وفد میں شیان مینگ ہان، وائس ڈین، گریجویٹ اسکول؛ پروفیسر عانگ جون لیانگ، شعبہ کیمسٹری؛ پروفیسر شیا جیانگ، شعبہ فزکس؛ عویان جون، پروگرام مینیجر، انٹرنیشنل اسٹوڈنٹس آفس؛ اور چن جی ہونگ، پروگرام مینیجر، آفس آف گلوبل پارٹنرشپس شامل تھیں۔ دورے کے دوران وفد نے JUSTCOOL کے حوالے سے ایک معلوماتی سیشن منعقد کیا۔ JUSTCOOL فوڈان یونیورسٹی، شنگھائی جیاٹونگ یونیورسٹی اور ٹونگجی یونیورسٹی کا مشترکہ بین الاقوامی ڈاکٹریٹ داخلہ پروگرام ہے۔ سیشن میں فیکلٹی ممبران، محققین اور پوسٹ گریجویٹ طلبہ کو ریاضی، فزکس، کیمسٹری اور لائف سائنسز سمیت اہم شعبہ جات میں ڈاکٹریٹ کی تعلیم کے مواقع کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کی گئیں۔